# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |
| **مقاصد:** الفاظ کا درست املا لکھ سکیں۔<br>فعل حال کے جملوں کو فعل ماضی اور فعل مستقبل کے جملوں میں تبدیل کر سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹر زاُردو جماعت چہارم کی کتاب، آئسکریم اسٹکس، ڈسپوزیبل گلاس | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- تختہ تحریر پر تحریر کریں حکمت، حقمت۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو پڑھیں۔
- بچوں سے پوچھیں ان الفاظ میں کیا غلطی ہے حالانکہ بولنے میں تو یہ ایک جیسے ہیں۔
- ان کے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں یہ املا کی غلطی ہے۔
- اگر ہم لکھتے ہوئے ایک حرف کی جگہ اس سے ملتا جلتا حرف لکھ دیں تو نہ صرف لفظ غلط ہو جاتا ہے بلکہ لفظ کے معنی اور مفہوم بھی بدل جاتے ہیں۔
- مزید الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو درست املا کا تصور سمجھائیں۔
- بورڈ پر غلط املا کے ساتھ الفاظ لکھیں۔
- اب متفرق بچوں کو بلائیں اور انھیں ان الفاظ کا درست املا کرنے کا کہیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں سے فعل ماضی اور حال کے بارے میں پوچھیں۔
- ان سے جوابات لیں۔
- انھیں بتائیں فعل ماضی سے مراد ایسا فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا گزرے ہوئے زمانے میں پایا جائے۔ مثلاً مالی پودوں کو پانی دیتا تھا۔
- جبکہ فعل مستقبل سے مراد ایسا فعل جس میں کسی کام کا کرنا آنے والے زمانے میں پایا جائے مثلاً مالی پودوں کو پانی دے گا۔
- اب بچوں کے ساتھ ایک کھیل کھیلیں۔
- آئس کریم اسٹکوں پر فعل ماضی اور مستقبل کے جملے لکھ کر تیار کر لیں۔
- ان تمام اسٹکس کو ایک ساتھ رکھیں۔ اور ہر گروہ میں یہ اسٹکس اور ایک ایک ڈسپوزیبل گلاس جس پر فعل ماضی اور فعل مستقبل کا لیبل چسپاں ہو تقسیم کر دیں۔
- ہر گروپ کے حصے میں 4 اسٹکس آئیں گی۔
- جماعت کو تین گروپس میں تقسیم کریں۔
- اب بچوں کو ہدایت دیں ان اسٹکوں پر لکھے جملوں کو پڑھیں۔

- اور گلاس پر لکھے گئے عنوانات دیکھ کر ہر ایک سے متعلقہ اسٹک اس گلاس میں ڈال دیں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروپ کے لیڈر کو فعل ماضی اور فعل مستقبل والے گلاس میں موجود اسٹک پڑھنے کو کہیں۔
- صحیح جملے رکھنے والے گروپ کو ہر جملے کے 5 نمبر ملے گے۔
- اگر کسی گروپ نے غلطی کی ہو گی تو اس کی نشان دہی کریں اور نمبر کاٹیں۔
- جملوں کی درست نشان دہی کرنے والے گروپ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کی فہم کو جانچنے کے لیے جماعت میں دو گروہ بنائیں۔ایک گروہ کو فعل ماضی اور فعل مستقبل تفویض کریں۔ایک ٹوکری میں فعل حال کے جملوں کی پرچیاں بنا کر ڈالیں۔اب ہر گروہ کے بچوں کو چار چار پرچیاں دیں ان سے جملے پڑھوائیں اب انھیں ان جملوں کو فعل ماضی اور فعل مستقبل میں تبدیل کرنے کو کہیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

| فعل حال | فعل ماضی | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| اکرم میچ کھیلتا ہے۔ | | |
| ہم اپنی خالہ جان کے گھر جاتے ہیں۔ | | |
| چڑیا گانا گاتی ہے۔ | | |
| میں اپنے دوست کی مدد کرتا ہوں۔ | | |
| میں حلوا پکاتی ہوں۔ | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** جملے میں خط کشیدہ واحد الفاظ کو جمع میں تبدیل کر سکیں۔

اپنی سر گرمیوں کا روزنامچہ لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سر گرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے واحد اور جمع کا تصور پوچھیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 8 کی سر گرمی کروانے کے لیے بچوں کے گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کو واحد الفاظ پر مشتمل پرچیاں دیں۔
- اور ان سے کہیں کہ وہ پرچی پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں۔
- اب دس کارڈز لیں جن پر ان الفاظ کی جمع لکھی ہو۔
- ان کارڈز کو بورڈ پر سیلو ٹیپ کی مدد سے لٹکائیں۔
- ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ جن الفاظ کی پرچی ان کے پاس آئی ہے اس سے متعلقہ جمع کو بورڈ سے تلاش کر کے اس کے ساتھ لگائیں۔
- اس سر گرمی کے لیے انھیں چند سیکنڈ دیں۔
- جو بچہ کم وقت میں جتنے زیادہ واحد کو ان کی درست جمع کے ساتھ لگادے گا وہ گروہ جیت جائے گا۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ سوال نمبر 8 کو بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔
- اس دوران میں کمرا جماعت میں گھوم کر ان کے کام کا جائزہ لیں۔
- جہاں ضرورت ہو ان کی رہ نمائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ روزنامچہ لکھنا سیکھیں گے۔
- انھیں بتائیں روزانہ کے تجربات اور مشاہدات کو کسی کاپی میں لکھنا، ''روزنامچہ'' کہلاتا ہے۔
- روزنامچے میں تاریخ کا اندراج بھی کیا جاتا ہے۔
- نمونے کے طور پر صفحہ نمبر 18 میں دیے گئے روزنامچہ کی خود بلند خوانی کریں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ غور سے سنیں کہ روزنامچہ لکھتے وقت انھیں کن کن باتوں کو مد نظر رکھنا ہے۔
- پڑھائی کے بعد بچوں کی جوڑیاں بنادیں۔

- ہر جوڑی کو ایک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ وہ آج کے دن صبح سے ابھی تک جماعت میں گزرے وقت پر روزنامچہ لکھیں۔
- اس دوران جماعت میں گھوم کر دیکھیں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے انھیں مدد فراہم کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) واحد الفاظ کو جمع میں تبدیل کرائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ

خط کشیدہ واحد الفاظ کو جمع میں تبدیل کر کے جملے دوبارہ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| اللہ تعالیٰ میری خطا معاف کرے۔ | |
| درویش کی دعا قبول ہو گئی۔ | |
| بچے قہقہہ لگاتے اسکول جا رہے تھے۔ | |
| ناخن کا میل جرثومہ کا گھر ہے۔ | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: **معلم انسانیت** خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھ سکیں۔
دیے گئے عنوان پر تقریر تیار کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کتاب، کارڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، شیٹیں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں کو سبق **معلم انسانیت** خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کو خود ایک بار بلند آواز میں سبق پڑھ کر سنائیں۔
- سنانے سے پہلے بچوں کو کہیں کہ سننے کے دوران اہم نکات کو ذہن میں رکھتے جائیں۔
- اس کے بعد ان کے ذہن میں جو اہم نکات آئے ہیں ان کو ذہن میں رکھتے ہوئے خلاصہ تحریر کریں۔
- اس کام کے لیے انھیں مقررہ وقت دیں۔
- انفرادی طور پر ان کا تحریر کردہ خلاصہ چیک کریں۔
- اغلاط کی نشان دہی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔ اب ہر گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ دی جانے والی معلومات پر تقریر تیار کریں۔
- موضوع ”اللہ تعالیٰ کے احکامات اور ہم“ سے متعلق معلومات فراہم کریں۔

”اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے یہ تمام کا کام اللہ تعالیٰ کے احکامات کو انسانوں تک پہنچانا اور انھیں سیدھا راستہ دکھانا تھا۔ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نبوت کے سلسلے کو ختم کرنے والے ہیں یعنی اب قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید اور آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی سنت ہی ہدایت کا واحد اور یقینی ذریعہ ہے۔

یعنی ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کے احکامات کا سرچشمہ قرآن مجید اور احادیث رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ ہیں۔ ان پر عمل کر کے ہی ہم دنیا اور آخرت میں سرخرو ہوں گے۔“

- معلومات کے کارڈز ہر گروہ کو دیں اور انھیں ہدایت دیں سب بچے مل کر تقریر تیار کریں۔
- تقریر سے پہلے بچوں کو ہدایت دیں:

- بچوں کو بتائیں تقریر کے مختلف مقاصد اور مواقع ہوتے ہیں۔
- ایک اچھا مقرر نہ صرف معاشرتی بلکہ عملی زندگی میں بھی کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے۔
- تقریر کو مؤثر انداز میں لکھنے کے لیے عام سننے والے کے علم کا خیال رکھنا ضروری ہے۔
- تقریر کسی متعین کردہ موضوع پر کی جاتی ہے۔
- ایک اچھی تقریر کی موضوع کے تعارف سے ابتدا کی جاتی ہے۔
- پھر موضوع سے متعلق اعداد و شمار اور حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔
- اس کے علاوہ مشہور اشعار اور عام زندگی کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں تاکہ تقریر کو زیادہ مؤثر اور بھرپور بنایا جاسکے۔
- تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ عام فہم اور بامعنی ہونے چاہییں۔
- درج بالا ہدایات دینے کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد انھیں جماعت میں تقریر پیش کرنے کے لیے کہیں۔
- تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کا دھیان رکھیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تقریر کرنے والے بچوں کو شاباش دیں اور تمام گروہوں کی تعریف کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کی فہم جانچنے کے لیے ان سے سبق کے اہم نکات سنیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) خلاصہ یاد کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حمد (نظم) (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

ایک سے تیس تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔

واحد کو جمع میں تبدیل کر سکیں۔

اشعار کو نثر میں بدل سکیں۔

نظم کا مرکزی خیال لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/ چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق ''حمد'' کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی جائے، اسے حمد کہتے ہیں۔
- اب کتاب کے صفحہ نمبر 4 پر دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

20منٹ

(الف) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

شاعر نے حمد میں کس کس چیز کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کہا ہے؟

______________________________

کائنات کی سب سے چیزیں کس کی حمد و ثنا کرتی ہیں؟

______________________________

حمد میں شاعر نے بستی کس مقام کو کہا ہے؟

______________________________

(ب) گیارہ سے بیس تک لفظی گنتی لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |

(ج) دیے گئے واحد الفاظ کی جمع بنائیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| قبا | | بلا | |
| خطا | | جفا | |
| سزا | | دعا | |

(د) نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: نعت (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور جملے لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

مصرعے مکمل کر سکیں۔

عددی ترتیب کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

مرکب جملے بنا سکیں۔

اشعار کا مفہوم لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو الفاظ معانی کے تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی پاک خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کی تعریف بیان کی جائے، اس نظم کو نعت کہتے ہیں۔
- بچوں سے صفحہ نمبر 8 کھلوائیں اور نعت درست تلفظ اور لے سے پڑھوائیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اس کے بعد سبق کے تمام سوالات کی باری باری مشق کروائیں اور مکمل سبق کا اعادہ کروائیں تاکہ تمام سوالات بچوں کو ذہن نشین ہو جائیں۔
- سبق کے نکات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ ورک شیٹ کو دیے گئے وقت کے مطابق حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:**(5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کیے گئے کام کی گھر میں دہرائیں۔

## ورک شیٹ

20منٹ

(الف)دیے گئے الفاظ کے معانی اور جملے لکھیں۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| لقب | | |
| در گزر | | |
| خطاکار | | |
| بر لانا | | |

(ب)دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

تمام نبیوں میں رحمت للعالمین کس نبی محترم کا لقب ہے؟

______________________________

نسخہ کیمیا سے کیا مراد ہے؟

______________________________

عربوں کی کایا کس نے پلٹی؟

______________________________

(ج)دیے گئے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

| انجام | الم | بصارت | اوراق | افواہ | اثر | اعراف |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

(د)دیے گئے اشعار کا مفہوم لکھیں۔

خطاکار سے در گزر کرنے والا
بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا

اُتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخہ کیمیا ساتھ لایا

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی، سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

الفاظ کا درست املا لکھ سکیں۔

جملوں کو فعل ماضی اور حال میں تبدیل کر سکیں۔

سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ میں دیے گئے الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بورڈ پر سبق کا نام "معلم انسانیت خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ" لکھیں اور طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ سبق کی تیاری امتحانات کے لیے مزید بہتر ہو جائے۔
- بچوں سے مشق میں دیے گئے سوالات کے جواب پوچھیں اور ساتھ ان کو زبانی دہرانے کو کہیں۔
- مشق میں دیے گئے تمام سوالات طلبہ سے زبانی دہرانے کو کہیں تاکہ یہ سوال ان کو ذہن نشین ہو جائیں۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (۵منٹ) ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے حل کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (۲ منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

20منٹ

(الف)دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| اہل عرب | |
| ادراک | |
| حکمت | |
| استعداد | |
| آراستہ کرنا | |

(ب)درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

۱۔ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کی بعثت سے قبل اہل عرب دھنسے ہوتے تھے؟

(i) شرک میں (ii) بت پرستی میں (iii) نفرت اور جہالت میں (iv) ان سب میں

۲۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نے تہذیت و تمدن سے محروم انسانوں کو آراستہ کیا:

(i) مال وزر سے (ii) دردانسانیت سے (iii) زیور تعلیم سے (iv) زیور عقل سے

۳۔ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ گفتگو فرماتے:

(i) ٹھہر ٹھہر کر (ii) بلند آواز سے (iii) تیزی سے (iv) کبھی تیز کبھی آہستہ

۴۔ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نے اسلامی تعلیمات دینے کا آغاز فرمایا:

(i) اپنے گھر سے (ii) ہم سایوں سے (iii) دوست احباب سے (iv) عام لوگوں سے

(ج)دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کا تعلیم دینے کا طریقہ کیسا تھا؟

______________________________

دینی اعمال سکھانے کے لیے حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کون سا طریقہ اختیار فرماتے؟

______________________________

حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کو تعلیم دیتے وقت کن چیزوں کو مدنظر رکھتے؟

______________________________

(د) دیے گئے الفاظ کا درست املا لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مستکبل | | حالاط | | صفاط | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حقمت | | طریکہ | |